58 Years

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز



28 رمضان المبارک
افطار 6:41
29 رمضان المبارک
ختم سحری 5:14
افطار 6:42

جلد نمبر 58 | Wednesday 18th March 2026 | ۱۸ مارچ ۲۰۲۶ بروز بدھوار بمطابق ۲۸ رمضان ۱۴۴۷ | صفحات : 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 77 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net



## ہرشیت رانا انجری کے شکار

کولکتہ نائٹ رائڈرز (کے کے آر) کے تیز گیند باز ہرشیت رانا کے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) ۲۰۲۶ کے زیادہ تر میچوں سے باہر رہنے کا امکان ہے۔ ہرشیت رانا اس وقت گھٹنے کی سرجری کے بعد بحالی کے عمل سے گزر رہے ہیں، جو فروری میں ہوئی تھی۔ بی سی سی آئی کی میڈیکل ٹیم نے ابھی تک ان کی واپسی کے لیے کوئی حتمی تاریخ طے نہیں کی ہے۔ (تفصیلات اندر)

## کروڑوں کے آن لائن فراڈ کیس میں 3 افراد کی ضمانت مسترد

### ایک شریک ملزم بیرونِ ملک مفرور، مزید تفتیش جاری رکھنے پر زور

سرینگر// یو این ایس/ سول جج/ جوڈیشل مجسٹریٹ فرسٹ کلاس کانگن کی عدالت نے کثیر کروڑ آن لائن مالی دھوکہ دہی کیس میں ملوث تین ملزمان کی ضمانت کی درخواستیں مسترد کردی ہیں۔ عدالت، جس کی صدارت مجسٹریٹ منیس وحید کررہے تھے، نے ملزمان شاہنواز احمد شاہ، رومیسہ جان اور ڈاکٹر عامر بشیر مگرے کی ضمانت کی عرضیاں خارج کردیں۔ یہ کیس ایف آئی آر نمبر 28/2025 کے تحت پولیس اسٹیشن کانگن میں درج ہے اور اس کی تحقیقات کرائم برانچ کشمیر کے اکنامک آفینسز ونگ کے زیرِ نگرانی جاری ہیں۔ یو این ایس کے مطابق ملزمان کے خلاف بھارتیہ نیائے سنہتا کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے اور ان پر 51 کروڑ روپے سے زائد کے منظم سائبر مالیاتی فراڈ کا الزام ہے۔ شاہنواز احمد شاہ جموں و کشمیر بینک کے ملازم بھی ہیں۔ سماعت کے دوران استغاثہ کی جانب سے ایڈیشنل پبلک پراسیکیوٹر نے ضمانت کی/ 1




## رنگوارڈ پہلگام کے ایک ہوٹل کی عمارت آگ میں خاکستر

### فائر بجھانے والی گاڑی کی زد میں آکر ایک شخص موقعہ پر ہلاک ہوگیا

سرینگر/ ایس این این/ پہلگام کے رنگوارڈ علاقے میں واقع آسل ریزورٹ میں آگ نمودار ہوئی جس کے بعد مقامی لوگوں نے آگ بجھانے کی کوشش کی اور ساتھ ہی محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی سروس کو مطلع کیا گیا جس کے بعد ایک ٹیم جائے واردات پر پہنچ گئی اور انہوں نے آگ بجھانے کیلئے کارروائی شروع کردی تاہم جب تک آگ پر قابو پالیا گیا تب تک دو تین منزلہ عمارتوں کو مکمل طور پر نقصان پہنچا جبکہ ایک اور عمارت کو جزوی نقصان پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران ایک نوجوان بھی لقمہ اجل بن گیا۔ محکمہ کے مطابق نوجوان جس کی شناخت منجیت سنگھ ولد وکیل سنگھ ساکنہ ہٹمرہ مٹن انت ناگ کے بطور ہوئی ہوٹل دی ویو لاج، پہلگام میں کام کررہا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ مہلوک شہری فائر اینڈ ایمرجنسی سروس کی گاڑی کو ریورس کرنے کے دوران مبینہ طور پر ٹکرانے کے بعد موقع پر ہی زخمی ہوا۔ انہوں نے کہا کہ شہری کو زخمی حالت میں/ 2

## لیفٹیننٹ گورنر کی جے اینڈ کے پولیس کانسٹیبلز کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت

### کہا جے اینڈ کے پولیس نے دہشت گردی اور جرائم سے پاک یونین ٹیریٹری بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا

جموں/ لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں امن، قانون و ترتیب یا معصوم شہریوں کی حفاظت کو خطرے میں ڈالنے کی کوشش کرنے والا کوئی بھی فرد یا گروہ بہت بھاری قیمت ادا کرے گا۔ لفٹیننٹ گورنر نے ریاسی میں ایس ٹی سی تلواڑہ میں کانسٹیبلز کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی امن کو مختل کرنے، تجارتی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے یا تشدد کو ہوا دینے کی کسی بھی کوشش کا مقابلہ قانون کی پوری طاقت سے کیا جائے گا اور جموں وکشمیر پولیس امن واستحکام کے تحفظ کیلئے پوری طرح پرعزم ہے اور ایسی کارروائیوں کے خلاف بلا استثنیٰ تمام ضروری اقدامات کرے گی۔ جموں وکشمیر پولیس کے بہادر جوانوں کو سخت تربیت کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے لفٹیننٹ گورنر نے ان سے جموں وکشمیر کی حاصل کردہ کامیابیوں کے تحفظ پر توجہ مرکوز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا ''جموں وکشمیر پولیس نے دہشت گردی سے پاک، جرائم سے پاک یونین ٹیریٹری بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے جہاں شہریوں کی زندگیوں پر کوئی عدم تحفظ کا سایہ نہیں ہے۔ اس فورس نے گڈ گورننس، جدت، سماجی اتحاد اور منصفانہ معاشرے کی تعمیر میں نمایاں سنگ میل حاصل کئے ہیں۔ ہمیں علیحدگی پسند عناصر کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ہوگا جو لوگوں میں تقسیم پیدا کرنے اور ترقی کو روکنے کی کوشش کررہے ہیں یہ ان کیلئے سخت انتباہ ہو۔'' لفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں وکشمیر پولیس کی وردی پہننے والا ہر مرد اور عورت عوامی توقعات سے بالاتر معیار پر عمل کرنے کا عہد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا ''آج سے عوامی اعتماد آپ کا سب سے بڑا اثاثہ ہے لیکن اسے دیانتداری، غیر جانبداری اور ہمدردی کے ذریعے مسلسل حاصل کریں۔ آپ کا کردار صرف قانون نافذ کرنے تک محدود نہیں ہے بلکہ قانون کے روح اور جوہر کو اپنانا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ ہر شہری کی عزت و وقار کی حفاظت میں اسے برقرار رکھیں گے۔'' لفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں وکشمیر/ 6



## GOC وائٹ نائٹ کارپس کا دورہ اکھنور

### فوجی تیاریوں کا جائزہ لیا

سرینگر/ ایس این این/ فوج کے جنرل آفیسر کمانڈنگ وائٹ نائٹ کارپس نے اکھنور سیکٹر کا دورہ کیا جس دوران انہوں نے وہاں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا اور تمام اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ دہشت گرد مخالف کارروائیوں کے دوران پیشہ ورانہ مہارت کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھیں۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق فوج کے جنرل آفیسر کمانڈنگ/ 4

## آن لائن گھوٹالے میں ملوث افرد کی ضمانت عدالت نے خارج کردی

سرینگر/ اے پی آئی/ کروڑوں روپے آن لائن گوٹالے میں عدالت نے ملوث ملزمان کی جانب سے پیش کی گئی ضمانتی عرضی مسترد کردی۔ 51 کروڑ روپے کے سائبر فراڈ کیس میں عدالت نے سخت موقف اختیار کیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق وسطی ضلع گاندربل کنگن کی عدالت نے ایک بڑے آن لائن مالیاتی گھوٹالے میں ملوث تین ملزمان کی ضمانت کی درخواستیں مسترد کردیں۔ جوڈیشل مجسٹریٹ فسٹ کلاس کنگن منیس وحید/ 5

## مودی کی UAE کے صدر سے بات، آبنائے ہرمز کو محفوظ رکھنے پر اتفاق

### ہم نے مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا



نئی دہلی/ وزیراعظم نریندر مودی نے منگل کو متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زید النہیان سے بات کی، ان کے ساتھ مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور آبنائے ہرمز کے ذریعے محفوظ اور آزاد بحری سفر کو یقینی بنانے پر اتفاق کیا۔ اپنی ٹیلی فونک گفتگو کے دوران، مودی نے خلیجی ملک پر ہونے والے تمام حملوں کی شدید مذمت کی اور متحدہ عرب امارات کے رہنما کے ساتھ مغربی ایشیا میں امن، سلامتی اور استحکام کی جلد بحالی کے لیے مل کر کام جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ "میرے بھائی ایچ ایچ شیخ محمد بن زید النہیان، صدر متحدہ عرب امارات سے بات کی اور عید کی پیشگی مبارکباد دی۔ مودی نے X پر ایک پوسٹ میں کہا" ہم نے مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ UAE پر ہونے والے تمام حملوں کی ہندوستان کی سخت/ 3

## بجلی بل میں رقم کو کم کرنے کے عوض 30 ہزار روپے کا مطالبہ

### اینٹی کورپشن بیورو کی ٹیم نے جال بچھا کر میٹر ریڈر کو گرفتار کیا

سرینگر/ ایس این این/ رشوت خور ملازمین کیخلاف کارروائی تیز کرتے ہوئے اینٹی کورپشن بیورو کی ٹیم نے راجوری میں محکمہ بجلی کے میٹر ریڈر 30 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے گرفتار کرلیا۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق اینٹی کورپشن بیورو نے تازہ کارروائی میں محکمہ بجلی کے ایک میٹر ریڈر کو 30 ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں دبوچ لیا۔ ایک بیان میں اینٹی کورپشن بیورو نے کا کہنا ہے کہ انہوں نے پی ڈی ڈی راجوری میں تعینات ایک میٹر ریڈر کو بجلی کے بڑھے ہوئے بل کو کم کرنے کے عوض شکایت کنندہ سے 30 ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا ہے۔

## جموں وکشمیر کے لوگ اپنے نمائندے خود منتخب کرتے ہیں/ بھارتی سفیر

### جموں کشمیر کا معاملہ اجاگر کرکے پاکستان اقوام متحدہ پلیٹ فارم کا وقت ضائع کررہا ہے

سرینگر/ ایس این این/ جموں کشمیر کے معاملہ کولیکر اقوام متحدہ میں ایک بار پھر بھارت نے پاکستان کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ پاکستان بار بار ایک ہی معاملہ کو اجاگر کرتے ہوئے ایوان کا وقت ضائع کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے مسلمان بشمول جموں و کشمیر کے لوگ اپنے نمائندے خود منتخب کرتے ہیں جو ان کے حق میں بات کریں۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق اقوام متحدہ میں اجلاس کے دوران ہندوستان کے ایلچی پاروتھینی ہریش نے پاکستان کو اس بات پر تنقید کا نشانہ بنایا جس کو انہوں نے رمضان کے مقدس مہینے کے دوران کابل میں بے گناہوں کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے پاکستان پر اسلاموفوبیا کے جھوٹے دعوے پھیلانے اور اسلامی تعاون تنظیم کے ذریعے ہندوستان کو نشانہ بنانے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا مغربی پڑوسی اپنے پڑوس میں اسلاموفوبیا کی تخیلاتی کہانیاں گھڑنے کی ایک بہترین مثال ہے۔ ہندوستان کے ایلچی نے اقوام متحدہ کو سیاسی مقاصد کے لیے مذہبی شناخت کے استعمال کے خطرات کو تسلیم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا'' میں اس بات پر زور دیتا ہوں کہ اقوام متحدہ کے لیے مذہبی شناخت کو ہتھیار بنانے اور اسے تنگ سیاسی مقاصد کے لیے آلہ کار بنانے کے بڑھتے ہوئے رجحان اور خطرات کا نوٹس لینا ضروری ہے''۔ انہوں نے احمدیوں کے ساتھ سلوک، افغان مہاجرین/ 7

## انسداد دہشت گردی کے اعلیٰ اہلکار کینٹ نے ٹرمپ کی ایران جنگ پر استعفیٰ دے دیا

واشنگٹن/ نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر کے ڈائریکٹر نے اپنے استعفیٰ کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایران میں ٹرمپ انتظامیہ کی جنگ کی حمایت "اچھے ضمیر سے نہیں کر سکتے"۔ جو کینٹ نے سوشل میڈیا پر کہا کہ ایران سے ہماری قوم کو کوئی خطرہ نہیں ہے اور یہ واضح ہے کہ ہم نے یہ جنگ اسرائیل اور اس کی طاقتور امریکی لابی کے دباؤ کی وجہ سے شروع کی تھی۔ کینٹ ایک سابق سیاسی امیدوار ہیں جن کا تعلق دائیں بازو کے انتہا پسندوں سے ہے۔ کینٹ کو گزشتہ جولائی میں 52-44 ووٹوں پر ان کے عہدے پر تعینات کیا گیا تھا۔

## روڈ ایکسیڈنٹس میں متاثرین کی مدد کیلئے پی ایم راحت سکیم

### شکار ہر فرد کو ایک لاکھ 5 ہزار روپے تک کا کیش لیس علاج فراہم کیا جائے گا

سرینگر/ اے پی آئی// جموں وکشمیر میں سڑک حادثات کے متاثرین کیلئے پی ایم راحت اسکیم شروع کردی، حادثے کے بعد گولڈن اوور میں ایک لاکھ 5 ہزار روپے تک کیس لیس علاج 140 سے زائد اسپتالوں میں 7 دن تک سہولیت فراہم کی جائے گی۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر حکومت نے سڑک حادثات میں زخمی افراد کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کے مقصد سے پی ایم روڈ ایکسیڈنٹ وکٹمز ہاسپٹلائزیشن اور ایشورڈ ٹریٹ مینٹ (پی ایم راحت) اسکیم کا آغاز کیا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے جاری سرکاری بیان کے مطابق اس اسکیم کے تحت حادثے کے شکار ہر فرد کو ایک لاکھ 5 ہزار روپے تک کا کیش لیس علاج فراہم کیا جائے گا۔ یہ سہولیت 140 سے زائد نامزد اسپتالوں میں دستیاب ہوگی اور حادثے کے بعد کے اہم گولڈن اوور سمیت 7 دنوں تک جاری رہے گا جسے فوری علاج ممکن ہوسکے گا اور متاثرین کے بچنے کے امکانات میں اضافہ ہوگا۔ اس اسکیم کے مؤثر نفاذ کے لیے محکمہ ٹرانسپورٹ، محکمہ صحت، پولیس اور ضلعی انتظامیہ/ 11

## وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی طرف سے SKICC میں افطار پارٹی کا اہتمام

### کہا کہ رمضان کا مقدس مہینہ ہمدردی، صبر اور سخاوت کی علامت ہے



سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے منگل کو یہاں شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں افطار کا اہتمام کیا، جس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو رمضان کے مقدس مہینے میں ہم آہنگی اور اتحاد کے جذبے کے ساتھ اکٹھا کیا گیا۔ افطار میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، وزراء سکینہ ایتو، جاوید احمد ڈار اور ستیش شرما، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، قانون سازوں، سینئر سول اور پولیس افسران، مذہبی اسکالرز، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور میڈیا کے ارکان نے شرکت کی۔ یہ اجتماع جامع اخلاقیات اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی عکاسی کرتا ہے جس کے لیے جموں وکشمیر طویل عرصے سے جانا جاتا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے عوام کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ رمضان کا مقدس مہینہ ہمدردی، صبر اور سخاوت کی علامت ہے۔ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر کے لوگوں کی دیرپا امن، خوشحالی اور/ 10

## لال قلعہ دھماکہ کیس میں دو ملزمان کو 15 روزہ جوڈیشل ریمانڈ

### NIA اب تک اس کیس میں کل 11 گرفتاریاں کرچکی ہے

سرینگر/ یو پی آئی/ لال قلعہ دھماکہ سازش کیس میں گرفتار دو اہم ملزمان کو پیر کے روز دہلی کی ایک عدالت نے 15 دن کے جوڈیشل حراست میں بھیج دیا۔ خصوصی جج پتمبر دت نے جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے ضمیر احمد آہنگر اور طفیل احمد بٹ کو این آئی اے کی پانچ روزہ حراست ختم ہونے کے بعد عدالتی ریمانڈ پر بھیجنے کا حکم دیا۔ دونوں ملزمان کو فروری میں این آئی اے نے دھماکہ خیز سازش میں سرگرم ملوث ہونے کے الزام میں باضابطہ طور پر گرفتار کیا تھا۔ 25 فروری کو انہیں 10 روزہ این آئی اے حراست میں دیا گیا تھا، جسے 6 مارچ کو مزید پانچ دن کے لیے بڑھا دیا گیا۔ 4 دن بعد این آئی اے نے ملزمان کے خون کے نمونے اور دیگر شواہد ایک مجسٹریٹ عدالت کے ذریعے حاصل کیے۔ 11 مارچ کو ان کی تحویل میں ایک بار پھر پانچ روز کی توسیع کی گئی تھی۔ این آئی اے اب تک اس کیس میں کل 11 گرفتاریاں کرچکی ہے۔

## چیتے کی بار بار جھلکیوں کے بعد رفیع آباد میں سنسنی اور خوف

### جنگلی جانور کو پکڑنے کیلئے حساس مقامات پر پنجرے نصب کئے جاچکے ہیں

سرینگر/ یو پی آئی/ شمالی کشمیر کے سوپور اور رفیع آباد علاقوں میں گزشتہ ایک ہفتے سے تیندوے کی بار بار جھلکیاں سامنے آنے کے بعد مقامی آبادی شدید خوف وہراس میں مبتلا ہے۔ لوگوں نے محکمہ وائلڈ لائف سے فوری اور مؤثر کارروائی کی اپیل کی ہے تاکہ خطرے پر قابو پایا جاسکے۔ حکام نے بتایا کہ پچھلے ہفتے کے دوران مختلف مقامات سے تیندوے کی موجودگی کی متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں۔ بوری پورہ علاقے میں تین افراد زخمی ہوئے جن میں محکمہ کا ایک ملازم اور دو عام شہری شامل ہیں۔ اس واقعے کے بعد مختلف علاقوں سے تیندوے کے گزرنے کی اطلاعات میں اضافہ ہوا ہے۔ جن مقامات سے مشاہدات رپورٹ ہوئے ہیں ان میں رفیع آباد کا سیلو، سوپور کا ماڈل ٹاؤن، گرین ٹاؤن اور ہریتار گاؤں شامل ہیں۔ ایک سینئر عہدیدار کے مطابق روزانہ دو سے زائد جھلکیوں کی اطلاعات موصول ہورہی ہیں۔ اُن کے مطابق متاثرہ علاقوں میں محکمہ کی ٹیمیں تعینات ہیں اور رات کے وقت گشت کا سلسلہ جاری ہے۔ ساتھ ہی حساس مقامات پر چھ پنجرے نصب کیے گئے ہیں تاکہ تیندوے کو محفوظ طریقے سے قابو کیا جاسکے۔

## کابل کے سپتال پر پاکستانی فضائی حملہ، ہلاکتوں کی تعداد 400 تک پہنچ گئی

### حملے نے اسپتال کے بڑے حصے کو مکمل طور پر تباہ کردیا/ ترجمان

سرینگر/ یو پی آئی/ افغانستان کی عبوری حکومت کے نائب ترجمان نے منگل کی صبح تصدیق کی کہ کابل میں منشیات کے عادی مریضوں کے علاج کے لیے قائم اسپتال پر پاکستان کے مبینہ فضائی حملے میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 400 ہوگئی ہے، جبکہ 250 سے زائد افراد زخمی ہیں۔ ترجمان حمداللہ فطرت نے اپنے بیان میں کہا کہ پیر کی شب ہونے والے اس مہلک حملے نے اسپتال کے بڑے حصے کو مکمل طور پر تباہ کردیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ریسکیو ٹیمیں ملبے تلے دبی لاشوں کو نکالنے اور آگ پر قابو پانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ افغان وزارت صحت کے ترجمان شرف الدین زمان نے بھی مقامی میڈیا کے ساتھ بات چیت میں ہلاکتوں کی تعداد 200 سے زائد بتائی تھی، اور کہا کہ اسپتال کا کوئی حصہ سالم نہیں بچا۔ مقامی ٹی وی چینلز نے اسپتال کے کھنڈرات میں آگ بجھانے کی کوشش کرتے فائر فائٹرز کی فوٹیج جاری کی۔ تاہم پاکستان نے کابل میں اسپتال پر حملے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی فضائی کارروائیاں صرف/ 8

## کابل اسپتال میں پاکستانی فضائی حملے بزدلانہ کارروائی/ جیسوال

### یہ افغانستان کی خودمختاری پر صریح حملہ اور علاقائی امن کیلئے براہ راست خطرہ

سرینگر/ ایس این این/ افغانستان کے کابل اسپتال میں پاکستانی حملوں کو بزدلانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے بھارت نے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی طرف سے جارحیت کا یہ گھناؤنا عمل افغانستان کی خودمختاری پر ایک صریح حملہ اور علاقائی امن واستحکام کیلئے براہ راست خطرہ ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق بھارت نے افغانستان کے کابل کے امید علاج اسپتال پر رات کی تاریکی میں پاکستان کے وحشیانہ فضائی حملے کی مذمت کی ہے۔ وزارت خارجہ ترجمان رندھیر جسوال نے کہا کہ یہ تشدد کا ایک بزدلانہ اور غیر دانشمندانہ عمل ہے جس نے ایک سہولت میں بڑی تعداد میں شہریوں کی جان لی ہے جسے کسی بھی طرح سے فوجی ہدف قرار نہیں دیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اب ایک قتل عام کو فوجی آپریشن کا روپ دینے کی کوشش کر رہا ہے۔ پاکستان کی طرف سے جارحیت کا یہ گھناؤ نا عمل افغانستان کی خودمختاری پر ایک صریح حملہ اور علاقائی امن واستحکام کے لیے براہ راست خطرہ ہے۔/ 9

## اوڑی میں جہلم میں کود گئی ایک خاتون ابھی تک گم ہے

### ریسکیو آپریشن کے دوران میرین کمانڈو زخمی، ہسپتال میں زیر علاج

سرینگر/ یو این ایس/ شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ کے اُڑی علاقے میں دریائے جہلم میں جاری ریسکیو آپریشن کے دوران بھارتی بحریہ کے ایک میرین کمانڈو شدید زخمی ہوگئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ایک درمیانی عمر کی خاتون، جو اُڑی کے علاقے لگامہ کی رہائشی بتائی جارہی ہے، نے چندن واڑی میں ایک لکڑی کے پل سے دریائے جہلم میں چھلانگ لگا دی تھی، جس کے بعد فوری طور پر ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا۔ یو این ایس کے مطابق ابتدائی طور پر اس آپریشن میں ایس ڈی آر ایف بارہمولہ اور سول ڈیفنس یونٹ اُڑی کی ٹیمیں شامل تھیں، جبکہ منگل کو آپریشن کو مزید وسعت دیتے ہوئے بحریہ کے خصوصی دستے مارکوس کو بھی شامل کیا گیا۔ حکام کے مطابق تلاش کے دوران ایک مارکوس اہلکار، جن کی شناخت اے ایس بدوریا کے طور پر ہوئی ہے، پھسل کر دریا میں جاگرے اور تیز بہاؤ میں کئی منٹ تک بہتے رہے۔ بعد ازاں ساتھی اہلکاروں نے انہیں نکال لیا۔ اہلکار کو شدید چوٹیں آئی ہیں اور ریسکیو کے وقت وہ بے ہوش تھے۔/ 12

